SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

August 26, 2025

# SECP Directs All Regulated Entities to Mandatorily Adopt Digital Payment Solutions by October 31, 2025

**Islamabad, August 26, 2025**– In line with the national vision to promote a cashless economy and strengthen Pakistan's digital payment ecosystem, the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) has issued a directive requiring all its licensed entities to adopt and display digital payment solutions particularly Raast QR Code, at their business outlets.

Through the said directive, all SECP-regulated entities, including Non-Banking Finance Companies (NBFCs), Insurance Companies, Modarabas, Securities Brokers, and other licensed market intermediaries shall implement digital payment solutions, ensure visibility at their outlets and cannot refuse customers opting to pay through digital means. The compliance to the directive shall be ensured by **October 31, 2025**.

SECP is fully aligned with State Bank of Pakistan's drive towards digitization. This initiative will not only enhance financial inclusion but also improve transparency, convenience, and business efficiency across the regulated sectors. All the stakeholders are encouraged to proactively collaborate with their respective banks/MFB/EMIs to obtain their free-of-cost RAAST QR codes and ensure timely implementation.

# ایس ای سی پی کی تمام ریگولیٹڈ اداروں کو 31 اکتوبر 2025 تک ڈیجیٹل پیمنٹ سلیوشنز لازمی اپنانے کی ہدایت

**اسلام آباد، 26 اگست 2025**– قومی ویژن کے مطابق ملک میں کیش کے بغیر معیشت کو فروغ دینے اور پاکستان کے ڈیجیٹل ادائیگی کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے ایک ہدایت جاری کی ہے جس کے تحت اس کے تمام لائسنس یافتہ اداروں کو اپنے کاروباری مقامات پر ڈیجیٹل ادائیگی کے حل، بالخصوص راست کیو آر کوڈ، کو اپنانے اور نمایاں طور پر آویزاں کرنے کا پابند کیا گیا ہے۔

اس ہدایت کے ذریعے، ایس ای سی پی کے زیر انتظام تمام ادارے، جن میں نان-بینکنگ فنانس کمپنیاں (NBFCs)، انشورنس کمپنیاں، مداربہ، سیکیورٹیز بروکرز، اور دیگر لائسنس یافتہ مارکیٹ انٹرمیڈیریز شامل ہیں، ڈیجیٹل ادائیگی کے حل نافذ کریں گے، انہیں اپنے کاروباری مقامات پر نمایاں طور پر آویزاں کریں گے اور ڈیجیٹل طریقے سے ادائیگی کرنے والے صارفین کو انکار نہیں کر سکیں گے۔ اس ہدایت پر عمل درآمد 31 اکتوبر 2025 تک یقینی بنایا جائے گا۔

ایس ای سی پی، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی ڈیجیٹلائزیشن کی مہم کے ساتھ مکمل طور پر ہم آہنگ ہے۔ یہ اقدام نہ صرف مالی شمولیت کو بڑھائے گا بلکہ ریگولیٹڈ سیکٹرز میں شفافیت، سہولت، اور کاروباری کارکردگی کو بھی بہتر بنائے گا۔ تمام متعلقہ فریقین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ بینکوں/ایم ایف بی/ای ایم آئی کے ساتھ فعال طور پر تعاون کریں تاکہ اپنے مفت راست کیو آر کوڈز حاصل کر سکیں اور وقت پر اس پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005